Tarjuma Tul Quran Majeed - FSc Part 1 Tarjmatul Quran Chapter 12 Short Questions Test

Q1. لفظ کے معنی تحریر کریں- زنوبنا- الابرار- لاتخلف- نزع- تذل- تخرج- مسومین- لاولی الباب-

Ans 1: زنوبنا- ہمارے گناہ- الابرار- نیک لوگ- لاتخلف- تو خلاف نہیں فرماتا- تنزع- تو چھین لیتا ہے- تذل- تو ذلیل کرتاہے- تخرج- تو نکالتا ہے- مسومین- نشان زدہ- لاولی الباب- عقل مندوں کے لیے

Q2. انفال یعنی مال غنیمت سے کیا مراد ہے-

Ans 1: انفال نفل کی جمع ہے نفل زائد چیز کو کہتے ہیں- مال غنیمت کو نفل اس لیے کہا جاتا ہے کیوں کہ وہ اصل مقصود سے زائد ہوتا تھا.جہاد سے مقصود تو آخرت کار اجر اور اللہ تعالیٰ کی رضا ہے- مال کا ملنا، اللہ تعالیٰ کا فضل اور عطیہ ہے.

Q3. سورۃ الانفال میں اہل مکہ کے کردار کو کس سے تشبیہ دی گئی ہے؟

Ans 1: مکہ مکرمہ میں حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبین اعلان نبوت کے بعد تیرہ سال مقیم رہے- اس دوران مکہ مکرمہ کے کفار نے نبی کریم صلی اللہ خاتم النبین اور آپ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کے جاں نثار صحابہ کرام رضی اللہ تعالی عنہ کو طرح طرح سے ستانے اور ناقابل برداشت تکلیفیں پہنچانے میں کوئی کسر نہ چھوڑی.

Q4. سورۃ التوبہ کب نازل ہوئی-

Ans 1: جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین کی حیات طیبہ کے آخری دور میں غزوہ تبوک کے بعد نازل ہوئی.

Q5. سورۃ الانفال کی روشنی میں سچے ایمان والے کون ہیں؟

Ans 1: سچے ایمان والے وہ ہیں جو اللہ تعالی کی راہ میں ہجرت اور اس کی راہ مین جہاد کرتے ہیں- وہ آپس میں خیر خواہی اور ضرورت کے وقت ایک دوسے کی مدد کرتے ہیں-

---

Q6. سورۃ آلتوبہ قرآن مجید کی ترتیب کے اعتبار سے کون سی سورت ہے.

Ans 1: سورۃ التوبہ قرآن مجید کی ترتیب کے اعتبار سے نویں سورت ہے.

Q7. مال و اولاد کی محبت فتنہ کب بنتی ہے.؟

Ans 1: مال و اولادکی محبت میں حد سے بڑھ جانا فتنے کا باعث ہے.

Q8. الفاظ کے معنی تحریر کریں- رضی- ابدا- ما عنتم- فان تولوا- خفافا- اولیاء

Ans 1: رضی - راضی ہوا- ابدا- ہمیشہ- ماعنتم- تمھارا مشقت میں پڑنا فان تولوا- پھر اگر وہ منہ موڑ لیں- خفافا- ہلکا- اولیاء- دوست

Q9. سورہ ال عمران قرآن مجید کی ترتیب کے لحاظ سے کون سی سورت ہے.

Ans 1: سورہ ال عمران قرآن مجید کی ترتیب کے اعتبار سے تیسری سورت ہے.

Q10. سورۃ البقرہ کے مضامین کے نکات تحریرکریں-

Ans 1: 1- سورۃ البقرہ کا آغاز اسلام کے بنیادی عقائد یعنی توحید، رسالت اور آخرت کے بیان سے ہوا ہے اسی ضمن میں انسانوں کی تین قسمیں مومن، کافر اور منافق بیان کی گئی ہیں- 2- حضرت آدم علیہ السلام کی پیدائش کا واقعہ بیان فرمایا گیا ہے تاکہ انسان کو اپنی پیدائش کا مقصد معلوم ہوا. 3- مسلمانوں کی انفرادی اور اجتماعی زندگی سے متعلق بہت سے احکام بیان فرمائے گئے ہیں جن میں عبادات سے لے کر معاشرت، خادانی امور اور حکمرانی سے متعلق بہت سے مسائل ہیں-